Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

21 ستمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

مجھے خوشی ہے کہ میں آپ کا اور آپ کے بچوں کا اس تعلیمی سال میں خیر مقدم کر رہا ہوں۔ ہم اس سنگ میل کو آپ سب 2020-21 کے بغیر حاصل نہیں کر سکتے تھے۔ میں آپ کی مدد اور ہمارے پبلک اسکولوں پر یقین رکھنے کے لیے شکرگزار ہوں۔ اس مشترکہ ہدف کو حاصل کرنے کے لیے نیو یارک کے کئی مکینوں نے دن رات کام کیا ہے: ہمارے طلبا، اساتذہ اور اسکول کے عملے کی کلاس رومز اور ریموٹ لرننگ میں بحفاظت واپسی۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ سات مہینے مشکل تھے، لیکن ہمیں فخر ہونا چاہیے کہ نیویارک کے مکینوں نے COVID-19 سے مقابلہ مثالی انداز میں کیا ہے۔ ہماری کارکردگی کی وجہ سے شہر بھر میں انفیکشن کی شرح کئی ہفتوں سے کافی کم رہی ہے۔ البتہ، وائرس اب بھی ہمارے شہر، ریاست اور ملک میں مصروف باعمل ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس خزاں میں COVID-19 کے کیسس ہونگے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ ہم اس وائرش سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں اور ساتھ میں اپنے نصب العین پر ڈٹے ہوئے ہیں - اسے یقینی بنانا کہ ہمارے تمام طلبا تعلیم حاصل کرتے رہیں اور فروغ پاتے رہیں۔

اس پر عمل درآمد کرنے کے لیے، ہم نے صحت اور حفاظت کے کڑے طریقِ کار کو نافذ کیا ہے اورمحکمئہ تعلیم پرنسپل حضرات کے لیے COVID-19 سے نمٹنے کے لیے ایک " ہنگامی ردِ عمل کمرہ " (Response Situation Room) تشکیل دیا ہے، جو اسکول کے قائدین کو اسکولوں میں COVID-19 کے تمام کیسوں کو "رسائی کے پہلے مرحلے" (one-stop shop) میں نمٹنے میں مدد کرے گا۔ جب پرنسپل حضرات کو ان کے اسکول میں ایک ممکنہ COVID-19 کیس کا پتہ چل جائے، وہ فوراً اس ہنگامی ردِ عمل کمرہ کو مطلع کرنے کے لیے کال کریں گے، اور فوری طور پر دستیاب طبی، عوامی صحت، اور تعلیمی عملہ پرنسپلوں کی اس ردِ عمل کے دوران اعانت کریں گے۔ پرنسپل حضرات یا ان کے نامزدگان ہنگامی کمرے کو کال کریں گے، جو وہاں سے ہر چیز سے نمٹنے میں مدد دے گا - بشمول پرنسپل حضرات کو جلد از جلد اہم تازہ ترین معلومات پہنچائے گا تاکہ وہ ان معلومات سے اپنی اسکول برادری کو مطلع کر سکیں۔

ہمیں آپ کے بچوں کو صحت، محفوظ، مشغول، کرنے والی، اعلیٰ معیاری تعلیم دینے کی اپنی قابلیت پر فخر ہے جس کی آپ ہم سے توقع رکھتے ہیں۔ ہم اپنی شفافئیت برقرار رکھیں گے اور آپ کو مطلع کرتے رہیں گے۔ اہلِ خانہ کے لیے، اس خط میں شامل تازہ ترین معلومات کا اشتراک کر کے مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے:

- آُپ کے بچے کے لیے ہر روز صحت کی جانچ کو کس طرح مکمل کیا جانا چاہیئے،
- COVID-19 کا ٹیسٹ کہاں سے کرایا جائے،
- اپنی اسکول کمیونٹی میں مصدقہ COVID-19 کیسز کے بارے میں کیسے باخبر رہا جائے، اور
- اسکول آنے جانے کے لیے نقل و حمل کے کیا خد وخال ہوں گے

اس کے علاوہ، آپ کو اہم معلومات تلاش کرنے میں مدد دینے کے لیے میں نے ماضی میں معلومات کا اشتراک کیا تھا، ہم نے ذیل کے لیے محکمئہ تعلیم کے ذرائع میں آسان لنکس کو شامل کر دیا ہے:

- ہمارے اسکولوں میں صحت اور حفاظتی اقدامات،
- اس سال ایلیمینٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں تعلیم اور تدریسی شیڈول کے کیا خد وخال ہونگے

ہمیشہ کی طرح، اسکول واپسی کے بارے میں تمام معلومات یہاں تلاش کی جا سکتی ہیں .schools.nyc.gov/returntoschool2020 اگر آپ کے مزید سوالات ہیں تو برائے مہربانی اپنے پرنسپل سے رابطہ کریں۔ آپ ہماری اس ویب سائٹ "Find a School" کو استعمال کرکے آپ اپنے بچے کے اسکول کے بارے میں معلومات بشمول پرنسپل کی رابطہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں .schoolsearch.schools.nyc

آپ نے مجھے یہ کہتے سنا ہو گا کہ ستمبر میرا پسندیدہ مہینہ ہے، اور اس سال یہ خاص طور پر حقیقت ہے۔ اسکول واپسی 2020 کے لیے آج ہم جہاں ہیں یہاں تک پہنچنے کے لیے مل کر کام کیا گیا ہے، اور ہزاروں گھنٹے لگائے گئے ہیں اور ان گنت تفصیلات پر توجہ دی گئی ہے۔ مجھے ہمارے اہل خانہ، طلبا، معلمین اور ان تمام افرد پر بہت فخر ہے جنہوں نے ہمارے اسکولوں کے لیے اور ان میں کام کرتے ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اب جب کے ہم مل کر نئے تعلیمی سال کا آغاز کر رہے ہیں، میں آپ کو یقین دلا سکتا ہوں کہ قوم کا سب سے بڑا اسکول کا نظام اس کام کو سرانجام دینے کے لیے مکمل طور پر تیار اور مستعد ہے۔ براہِ کرم آپ کو معلوم رہے کہ ہم یہاں آپ کے لیے موجود ہیں۔ آپ کے اساتذہ اور پرنسپل حضرات یہاں آپ کے لیے موجود ہیں۔ اور، مل کر، ہم اس کو تعلیم کے لیے ایک نمایاں سال بنائیں گے۔

بخلوص،



Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

# تازہ ترین معلومات برائے اہل خانہ: 21 ستمبر، 2020

## اپنے بچے کی روزانہ صحت کی جانچ کو کیسے مکمل کیا جا ئے۔

ہمیشہ کی طرح ہمارے طلبا، اہل خانہ اور اسکول عملے کی صحت اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم نے اپنے اسکولوں کو محفوظ انداز میں دوبارہ کھولنے کی تیاری میں کئی مہینے لگا ئے ہیں؛ ہم جانتے ہیں کہ یہ ہم میں سے کئی ایک کے لیے گھر کی طرح ہے اور یہ ہمارے بچوں کو درکار سماجی - جذباتی مدد اور تدریس فراہم کرتا ہے۔

ہم سب کو اپنے اسکول کی برادریوں کو محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ہم آپ سے اپنا کردار ادا کرنے کی گزارش کر رہے ہیں کہ اس سے قبل کہ وہ اسکول کی عمارتوں میں داخل ہوں اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے بچوں کی صحت کی جانچ مکمل ہو چکی ہے (بشمول بخار کی جانچ)۔ **ہم آپ کی اپنے بچے کو ہر روز شیڈول کے مطابق بذات خود موجودگی والے دنوں کے لیے ہمارے آن لائن جانچ کے طریقے کو استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔**

- آپ آن لائن صحتی جانچ کو ذیل پر تلاش کر سکتے ہیں healthscreening.schools.nyc. جب آپ گھر پر اپنی یا اپنے بچے کی جانچ کیا کریں آپ اسکول کی عمارتوں میں داخل ہونے سے قبل جانچ کے نتائج کو یا تو اسمارٹ فون پر ای میل کو دکھا کر یا نتائج کا ایک پرنٹ آوٹ دکھا کر فراہم سکتے ہیں۔ اگر طلبا کو انکے کے درجہ حرارت کی جانچ کرنے کی ضرورت ہوئی تو سب طلبا کو بذات خود موجودگی کے پہلے ہفتے کے دوران ایک زبان کے نیچے رکھنے والا تھرمامیٹر موصول ہو گا۔

- اگر آپ یا آپ کا بچہ قبل از وقت جانچ (پری اسکرین) کے آن لائن آلہ کار کو استعمال کرنے کے قابل نہیں ہے، آپ صحت کی جانچ کا کاغذی سوالنامہ استعمال کر سکتے ہیں اور آپ کا بچہ اس مکمل شدہ فارم کو اسکول لائے گا اور داخل ہوتے وقت اس کو دکھا ئے گا۔ آپ کا اسکول آپ کو اس فارم کی نقول فراہم کرے گا تاکہ آپ اس سوالنامے کو گھر پر مکمل کر سکیں۔

- اگر آپ یا آپ کا بچہ قبل از وقت جانچ کے آن لائن آلہ کار کو استعمال کرنے کے قابل نہیں ہے، آپ کے اسکول کے داخلی دروازے پر کوئی آپ کے بچے کی اس فارم کو مکمل کرنے میں مدد کے لیے موجود ہو گا اور آپ کے بچے کے درجہ حرارت کی جانچ کرے گا۔

- سب کو صحت مند رکھنے اور COVID-19 کے پھیلنے کو کم کرنے کے لیے، طلبا بذات خود موجودگی میں کلاس میں شریک نہیں ہو سکیں گے اگر انہیں ذیلی علامات ہیں:
  - COVID-19 کی کسی علامات سے گزر رہے ہیں، بشمول 100.0 ڈگری یا اس سے زیادہ بخار، ایک نئی کھانسی، نیا ذائقہ یا سونگھنے کا احساس کا ختم ہو جانا، یا پچھلے 10 دنوں کے دوران سانس لینے میں دشواری؛
  - COVID-19 ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ موصول کرنا جو پچھلے 10 دنوں کے دوران رال یا ناک یا حلق میں پھایا (خون کا ٹیسٹ نہیں) کے ذریعے لیا گیا ہو۔
  - کسی ایسے فرد سے قریبی رابطہ میں رہا ہو (6 فٹ کے اندر کم از کم 10 منٹ تک) جس کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو یا جسے پچھلے 14 دنوں میں COVID-19 علامات تھیں یا ہیں؛ یا
  - پچھلے 14 دنوں کے دوران بیرون ملک کسی ایسے ملک کا سفر کیا ہو جہاں کی برادری میں بمطابق New York State COVID-19 Travel Advisory کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔

ہمیشہ کی طرح، اگر آپ کا بچہ بیمار ہے اسے گھر پر رکھیں۔

## COVID-19 کا ٹیسٹ کہاں سے کرایا جا ئے

ہم چہروں کو ڈھانپ کر، فاصلہ رکھ کر، اکثر ہاتھ دھو کر اور ٹیسٹ کروانے کے ذریعے ہماری اسکولی براریوں اور خاندانوں کو محفوظ رکھنے کا انحصار ہم سب پر ہے۔!

- COVID-19 کا ٹیسٹ کروا کر ہمیں اسکول کو کھلا رکھنے اور اسکول کی برادریوں کو صحت مند رکھنے میں ہماری مدد کریں۔ نقل وطنی کی حیثیت یا بیمے کے حثیت کے قطع نظر، یہ سب کے لیے محفوظ، مفت اور آسان ہے۔ اپنے قریب میں ٹیسٹنگ سائٹ تلاش کرنے کے لیے ذیل پر جائیں .nyc.gov/covidtest

- 3K سے لے کر گریڈ 12 تک طلبا کو پورے تعلیمی سال میں 22 صحت + ہسپتالوں میں ٹیسٹنگ کے مقامات پر ترجیح مل سکتی ہے۔ آپ کے قریب جانچ کی جگہ تلاش کرنے کے لیے schools.nyc.gov/covidtesting پر جائیں

- اکتوبر کے اوائل سے شروع کرتے ہوئے، ہم ہر اسکول میں بلا ترتیب انداز میں طلبا کے ٹیسٹنگ کے نمونے لینا شروع کریں گے۔ یہ آپ کے اہل خانہ اور اسکول برادری کو صحتمند اور محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ ہم اپنی اگلی تازہ ترین اہل خانہ معلومات میں بہت سی معلومات کا اشتراک کریں گے اور والدین / سرپرست کو اجازت نامے کا ایک لنک بھیجیں گے۔

## اپنی اسکول کمیونٹی میں COVID-19 کے تصدیق شدہ کیسز کے بارے میں کیسے باخبر رہا جائے

یہ اہم ہے کہ آپ کا اسکول آپ کے ساتھ اہم معلومات، بشمول آپ کے بچے کے اسکول میں COVID-19 کے تصدیق شدہ کیسز کا اشتراک کرنے کے لیے آپ سے فوراً رابطہ کرنے کے قابل ہو۔ برائے مہربانی ایک NYC اسکولز اکاونٹ (NYCSA) کے لیے سائن اپ کریں تاکہ ہم آپ سے بذریعہ فون، ای میل یا ٹیکسٹ پیغام کے رابطہ کر سکیں۔

- NYCSA کے ساتھ، آپ کہیں سے بھی اپنے بچے کے گریڈز، امتحانی اسکورز، شیڈولز، نقل و حمل معلومات — اور بہت کچھ تک DOE کی تمام نو معیاری زبانوں میں ترجمے کے ساتھ کہیں سے بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

- اپنے بچے کے ریکارڈز دیکھنے کے لیے اپنے اسکول سے ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ کی درخواست کریں۔ میں آپ کی اپنی رابطہ معلومات کو جدید رکھنے کی حوصلہ افزائی کروں گا، تاکہ آپ کا اسکول ہنگامی صورت میں آپ سے رابطے میں رہ سکے۔

- اگر آپ کا اکاونٹ نہیں ہے، آج ہی ذیل پر سائن اپ کریں .schools.nyc.gov/nycsa اس میں صرف پانچ منٹ لگیں گے!

## اسکول آنے جانے کے لیے نقل و حمل کے کیا خد وخال ہوں گے

چاہے طلبا بس، عوامی ذرائع نقل و حمل، یا دیگر طریقوں سے سفر کریں گے، ان سے ماسک پہنے اور سماجی فاصلہ رکھنے کی توقع کی جاتی ہے، جیسا کہ وہ اپنے اسکول کے اندر اور اردگرد کریں گے۔ یہاں نقل و حمل کے مختلف طریقوں کے بارے میں تفصیلات ہیں:

### بس کے ذریعے نقل و حمل

مراکز برائے انسداد بیماری اور بچاؤ کے (CDC) کے رہنما اصولوں کے مطابق طلبا کو لے جانے والی بسوں کی گنجائش کو 25 فیصد تک محدود کردیا جائے گا تاکہ محفوظ سماجی فاصلوں کو یقینی بنایا جا سکے۔ بس کی نشستوں پر واضح لکھا ہو گا کہ کن نشستوں پر طلبا بیٹھ سکتے اور نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔

- اگر طلبا کے پاس چہرے کا ماسک نہیں ہوگا بس ڈرائیور انہیں ایک ماسک فراہم کرے گا۔ ڈرائیور اور معاونین بھی چہرے کا ماسک اور ساتھ میں دستانے پہنیں گے۔ بچے کو بس پر بھیجنے سے قبل، اہل خانہ کے افراد کو انکے بچوں کی گھر پر صحت کی جانچ کرنی چاہیے، بشمول درجہ حرارت دیکھنے کے، تاکہ اسے یقینی بنایا جا سکے کہ وہ بس میں سوار ہونے کے اور اسکول جانے کے لیے تندرست ہیں۔

- جب بھی ممکن ہوا بسوں کی کھڑکیاں کھلی رہا کریں گی اور ہوا کی روانی رہے۔

- منزل پر پہنچنے پر جہاں مسافروں کو بس سے اترنا ہے، طلبا کو ایک وقت میں ایک قطار میں نکلنے کا کہا جائے گا تاکہ ایک محفوظ سماجی فاصلہ برقرار رکھا جا سکے۔

- ہر رات کو، اسکول کی نقل و حمل کی تمام گاڑیوں کو CDC کے طریقئہ کار کے مطابق صاف اور جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔

### عوامی ذرائع نقل و حمل اور دیگر متبادلات

اسکول مخلوط تعلیم شرکت کرنے والے طلبا اور اہلِ خانہ کو اسکول آنے اور جانے کا سفر کرنے کے لیے مفت میٹرو کارڈز فراہم کریں گے۔

- جب عوامی ذرائع نقل و حمل استعمال کی جائے طلبا سے توقع کی جاتی ہے کہ اسی سماجی فاصلے اور چہرہ ڈھانپنے کے طریقوں پر عمل درآمد کریں جیسے نیو یارک کے تمام مکین کرتے ہیں۔

- MTA نے تمام اسٹیشنوں پر سماجی فاصلوں کے بارے میں رہنمائی لگا دی ہیں اور یہ شہر بھر میں مفت ماسک کی پیشکش کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، NYPD سماجی فاصلے اور ماسک پہننے کو نافذ کرنے کے لیے اسٹیشنوں اور سب وے کارز کا اکثر معائنہ کرتا رہتا ہے۔ MTA کے طریقئہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ذیل پر جائیں mta.info/coronavirus.

## ذیل کے بارے میں معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں:

### اسکولوں میں صحت اور حفاظتی اقدامات

ہواداری اور دیگر عمارتی حفاظت، کمرے سے باہر تعلیم، اسکولوں میں کھانے کی خدمات، ٹیسٹنگ اور ٹریسنگ اور ذاتی صحت کے اقدامات جو تمام اسکول آپ کے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنا رہے ہیں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/RTShealthsafety.

### اس سال تعلیم و تدریس کے کیا خد وخال ہونگے

مخلوط تدریسی معاونتیں، سماجی- جذباتی تدریس اور ذہنی صحت، کثیر لسانی / انگریزی زبان کے متعلمین، معذوری کے حامل طلبا، عارضی رہائش اور رضاعی نگہداشت میں رہنے والے طلبا، طلبا جو 21 سال یا اس سے بڑے ہیں اور وہ طلبا جو ابتدائی طفلی پروگراموں میں ہیں ان کے لیے معاونتوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/RTSteachinglearning.

### ایلمینٹری، مڈل اور ہائی اسکول کے شیڈولز

پروگرامنگ کے نمونوں، بہن بھائی کے شیڈولز، اور اگر طلبا اسکول غلط دن مخلوط تدریس کے لیے اسکول آ جائیں تو کیا ہو گا اس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/RTSschedules.